| نمبر شمار | عنوانات | صفحہ |
|---|---|---|
| ۱۴ | انگوٹھوں کا چومنا | ۳۰ |
| ۱۵ | نور مصطفیٰ ﷺ کا پاک پشتوں میں منتقل ہونا | ۳۱ |
| ۱۶ | عجیب درخت اور کاہنہ عورت | ۳۵ |
| ۱۷ | نور مصطفیٰ ﷺ حضرت عبداللہ کے پاس | ۳۵ |
| ۱۸ | ستر (۷۰) یہودی | ۳۶ |
| ۱۹ | ام قتال | ۳۷ |
| ۲۰ | جانوروں کی مبارکبادیاں | ۳۷ |
| ۲۱ | نبیوں کی مبارکبادیاں | ۳۸ |
| ۲۲ | ابرہہ کا حملہ | ۳۸ |
| ۲۳ | ابرہہ کے ساتھی اور اونٹ | ۳۹ |
| ۲۴ | ظہور نور | ۴۱ |
| ۲۵ | فضیلت شب ولادت | ۴۲ |
| ۲۶ | امام قسطلانی کی تصریح | ۴۳ |
| ۲۷ | میلادِ رسول کا اہتمام | ۴۴ |
| ۲۸ | نور اور تاریکی | ۴۵ |

تمہاری عمر کیا ہے؟ حضرت جبرئیل نے عرض کیا' یارسول اللہ ﷺ صحیح عمر کا اندازہ نہیں' بس اسی سے اندازہ لگا لیجئے کہ میں عرش کے اُوپر ستر ہزار سال کے بعد ایک تارہ دیکھتا تھا جس کو بہتر ہزار سال تک میں نے دیکھا اور اب وہ نظر نہیں آ رہا ہے تو حضور ﷺ مسکرا کر کہتے ہیں کہ وہ میرا ہی نور تھا **اللھم صل علٰی سیدنا محمد وعلٰی آل سیدنا محمد کما تحب وترضی بان تصلی علیه** ۔سب سے پہلی مخلوق حضور ﷺ کا نور ہے۔۔رسول ہماری نگاہوں سے پوشیدہ ہیں مگر آج بھی حیّ ہیں۔آج بھی باحیات ہیں۔آج بھی عمر کا سلسلہ ختم نہیں ہوا۔

## حضور ﷺ کی بشریت:

اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اگر نورِ مصطفیٰ قدسی ہے' نور مصطفیٰ لاہوتی ہے تو پھر رسول عربی کون تھے؟ رسول مکی کون تھے؟ ہاشمی کون تھے؟ مدنی کون تھے؟ یہ قریشی کون تھے؟ یہ مطلبی کون تھے؟ حضرت آمنہ کی گود میں کون ستارا چمکا؟ عبدالمطلب کے گھر کون پیدا ہوئے؟ یہ عبداللہ کے لال کون بن گئے؟ ان سب سوالات کا مختصر جواب یہ ہے کہ جس کو تم مکی و مدنی' ہاشمی و مطلبی کہہ رہے ہو' وہ نور مصطفیٰ نہیں ہے وہ تو بشریت مصطفیٰ ہے۔۔جو مکی ہے وہ بشریت مصطفیٰ ہے جو مدنی ہے وہ بشریت مصطفیٰ ہے جو ہاشمی و مطلبی ہے وہ بشریت مصطفیٰ ہے۔ مطلب یہ ہے کہ میرے رسول کی بشریت وہاں ہے جہاں رسالت لگی ہوئی ہے۔ مقام بشریت میں آتے ہیں تو رسول ہوتے ہیں' مقام بشریت میں آتے ہیں تو مقام رسالت پر فائز نظر آتے ہیں۔۔تو معلوم ہوا کہ ہم اُن کی بشریت ہی تک نہ پہنچ سکے تو مقام نورانیت کو کیا پہونچیں گے۔ **اللھم صل علٰی سیدنا محمد وعلٰی آل سیدنا محمد کما تحب وترضی بان تصلی علیه**

تم جس کو عربی کہتے ہو وہ نور مصطفےٰ نہیں ہے وہ بشریت مصطفےٰ ہے۔۔ وہ بشریت مصطفےٰ ہے جو مطلبی ہے' وہ بشریت مصطفےٰ ہے جو ہاشمی ہے' وہ بشریت مصطفےٰ ہے حضرت آمنہ کے گھر میں جس کا ظہور ہوا ہے۔۔ نور مصطفےٰ تو اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں تھا اور اللہ تعالیٰ کی بارگاہ سے آیا ہے۔ الغرض نور قدسی ہے اور بشریت عربی ہے۔ نور قدسی کو عربی بشریت میں اگر نہ بھیجا جاتا تو ہم کو ہدایت کیسے ملتی؟ نبی کی نبوت کے لئے بشر ہونا ضروری نہیں ہے۔ میرے رسول نے کہا **کنت نبیا وآدم بین الروح والجسد** میں اس وقت نبی تھا جس وقت آدم علیہ السلام روح وجسد کی منزلیں طے کر رہے تھے۔ حضرت ابوالبشر سیدنا آدم علیہ السلام ابھی پیدا ابھی نہیں ہوئے تھے نور مصطفےٰ جگمگا رہا تھا۔ اگر نبوت کے لئے بشریت ضروری ہوتی تو ابوالبشر کے وجود سے پہلے کسی نبی کا تصور کیسے کیا جاسکتا تھا۔ معلوم ہوا کہ نبی کے لئے بشر ہونا ضروری نہیں ہے۔۔ البتہ ہماری ہدایت کے لئے' ہماری رہبری کے لئے نبی کا جامہ بشری میں آنا ضروری ہے۔ رسول بشریت کے محتاج نہیں ہیں بلکہ ہم محتاج ہیں۔ اگر آپ اس لباس میں نہ آتے تو ہمیں کیسے ہدایت ملتی' ہمیں کیسے رہنمائی ملتی' ہمیں کیسے راہ نجات ملتی' راہ نجات ہمارے سامنے کیسے کھلتی۔۔ معلوم ہوا کہ نور مصطفےٰ اپنی نبوت وکمالات میں جامہ بشریت کا محتاج نہ تھا۔ ہم اُن سے ہدایت حاصل کرنے کے لئے اُن کے لباس بشری کے محتاج تھے۔

☆☆☆☆☆☆

بدقسمتی سے کچھ ایسے لوگ پیدا ہوگئے ہیں جو رسالت پر ایمان لانے کا دعویٰ تو کرتے ہیں مگر حضور اکرم ﷺ کو ایک عام انسان کی حیثیت سے دیکھتے ہیں رسول کریم ﷺ کے مرتبہ ومقام اور منصب کا کوئی خیال بھی نہیں کرتے اور حضور ﷺ

## رسول اکرم ﷺ کے تین لباس:

تفسیر روح البیان میں وضاحت ہے کہ میرے رسول ﷺ کے تین لباس ہیں۔ لباس بشری، لباس ملکی اور لباس حقیقی۔

**لباس بشری:** لباس بشری وہ ہے جس صورت میں رسول اللہ ﷺ ہمارے سامنے آئے۔ لباس بشری کو رسول اللہ ﷺ کی زبان مبارک سے کہلایا گیا ہے:

﴿قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوْحٰى اِلَيَّ اَنَّمَا اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ﴾ (کہف/۱۱۰)

(اے پیکر رعنائی وزیبائی) آپ فرمایئے کہ میں بشر ہی ہوں تمہاری طرح، وحی کیجاتی ہے میری طرف کہ تمہارا معبود تو صرف ایک معبود ہے۔

یہ لباس بشری کی بولی ہے۔۔ اللہ نے اپنے محبوب سے کہا تھا کہ آپ اُن سے کہو کہ میں تمہاری طرح بشر ہوں۔ اب سوال یہ ہے کہ قل کے مخاطب کون ہیں۔ کیا صدیق اکبر سے کہو؟ کیا فاروق اعظم سے کہو؟ کیا عثمان غنی سے کہو؟ کیا علی مرتضیٰ سے کہو؟ کیا سلمان فارسی و بلال حبشی سے کہو؟ جواب یہ ہے کہ اِن ماننے والوں سے نہ کہو، دامن سے وابستہ رہنے والوں سے نہ کہو۔۔ بلکہ اُن سے کہو جو ایمان سے باہر ہیں۔ اسی لئے مفسرین فرماتے ہیں کہ **قـــل** کے مخاطب مشرکین و کفار ہیں۔ تو اے محبوب! کافروں سے کہو، مشرکوں سے کہو، ابوجہل، ابوجہلیوں سے کہو، عتبہ و شیبہ سے کہو، ولید بن مغیرہ سے کہو۔۔ ماننے والوں سے نہ کہو بلکہ نہ ماننے والوں سے کہو۔ تفسیر نے وضاحت کردی کہ **قــل** کے مخاطب کفار و مشرکین ہوئے۔۔ اب اگر کوئی کہے کہ قرآن مجھ سے کہتا ہے کہ **قــل** کے مخاطب ہم ہیں، رسول اللہ ﷺ ہم سے کہتے ہیں تو یہ اُن میں سے نکلا اور اُن میں پہنچ گیا **اللھم صل علیٰ سیدنا محمد وعلیٰ آل سیدنا محمد کما تحب وترضی بان تصلی علیه**

قرآن و حدیث میں کہیں ہمیں یہ مثال نہیں ملتی کہ نبی نے اپنے ماننے والوں سے

کہا ہو کہ ہم تمہاری طرح بشر ہیں اور نہ ہی کسی ماننے والے نے اپنے نبی سے کہا ہو کہ ہم تمہاری طرح بشر ہیں۔۔ ہاں یہ ملے گا کہ نبی نے کافروں سے کہا اور کافروں نے نبی سے کہا ہے۔ نبی نے حکمۃً اور مصلحتاً جو بھی مقصد ہے کافروں سے کہا اور کافروں نے تحقیراً استہزاءً جو بھی اس کا مقصد ہو۔۔ نبی سے کہا کہ تم ہماری طرح بشر ہو۔

صحابہ کرام' تابعین عظام' ائمہ مجتہدین' امام اعظم' امام شافعی' امام مالک' امام احمد بن حنبل کسی نے بھی رسول سے یہ نہیں کہا کہ آپ ہماری طرح بشر ہیں۔۔ بلکہ صحابہ کرام کی یہ بولی ہے کہ **اینا مثلہ** یعنی ہم میں کون ہے جو اُن کی طرح ہے اور رسول کیا کہتے ہیں **ایکم مثلی** کیا تم میری طرح ہو۔ ماننے والوں نے کہا کہ آپ ہماری طرح نہیں ہیں اور رسول نے کہا کہ تم میری طرح نہیں ہو۔

☆☆☆☆☆☆

اللہ تعالیٰ کی ذات بے ہمتا کا ادراک انسان کے بس کا روگ نہیں' نہ اُس کے ظاہری حواس میں یہ تاب ہے اور نہ اُس کے باطنی حواس میں یہ قوت ہے کہ اس کی حقیقت کو پہچان سکیں۔ عقل انسانی اپنی ترکتازیوں اور بلند پروازیوں کے باوجود اس کی عظمتوں کے سامنے سرنگوں ہے۔ ذات رسالت ﷺ میں اللہ تعالیٰ کی قدرت' عظمت' حکمت و کبریائی کے جلوے چمک رہے ہیں۔ نبی کی ذات اللہ تعالیٰ کی معرفت کا ذریعہ ہوتی ہے۔ نبی کی ذات ایک ایسا آئینہ ہوتی ہے جہاں دیدۂ بینا کو قدرت الٰہی کے ایسے جلوے نظر آتے ہیں جو اور کہیں دکھائی نہیں دیتے۔۔ حضور نبی کریم ﷺ کی ذات اقدس واطہر تجلیات احسانیہ اور انوار رحمانیہ کی ایسی تجلی گاہ ہے کہ عرش عظیم کو بھی اس سے کوئی نسبت نہیں۔ جس کسی نے حسن مصطفوی کو جتنا جانا' جس قدر پہچانا اور جس قدر چاہا اتنا ہی اُسے عرفان خداوندی نصیب ہوا۔

